مجلہ ترجمان السنہ کا اجراء محض تبلیغی مقاصد کے لئے عمل میں لایا گیا۔ اس کا واحد مقصد یہ ہے کہ اس مجلے میں ایسے مقالات و مضامین شائع کئے جائیں جن سے لوگوں کے عقائد و اعمال کی اصلاح ہو اور اعتقادی و معاشرتی برائیوں سے ان کی تطہیر ہو۔ ہم ہر قسم کی سیاسی و تنظیمی آلودگیوں سے ہٹ کر اس مجلے کے ذریعے شرک و بدعت کے استیصال اور کتاب و سنت کی بالادستی کے لئے جدو جہد کرنا چاہتے ہیں۔

ہمیں امید ہے ان شاء اللہ العزیز یہ مجلہ آپ کی امنگوں کا مظہر، علامہ شہید کے مشن کو آگے بڑھانے اور آپ کی فکر کو جلا بخشنے کا ذریعہ ہوگا۔

اس شمارے میں ہم شیخ المحدثین حضرت حافظ محمد گوندلوی رحمہ اللہ اور امام العصر علامہ احسان الٰہی ظہیر رحمہ اللہ کی شخصیت پر دو قیمتی مقالات شائع کر رہے ہیں۔ جو بالترتیب مفکر اسلام مولانا عبدالخالق قدوسی شہید رح اور مولانا مفتی عبید اللہ خاں عفیف صاحب کی تحریریں ہیں۔

چونکہ ان دونوں مقالات کی ایک تاریخی اور حوالہ جاتی حیثیت ہے اس لئے ہم یہ دونوں مقالات ایک ہی قسط میں شائع کر رہے ہیں جس کی وجہ سے محترم ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب کی "سود" پہ لکھی گئی تحریر اور دیگر علمی و تبلیغی مقالات اس شمارے میں شائع نہیں ہو سکے۔

ان شاء اللہ العزیز آئندہ شماروں میں اس امر کی تلافی کر دی جائے گی۔

ہم تمام قارئین کرام سے التماس کرتے ہیں کہ وہ ادارہ ترجمان السنہ کی آواز کو ملک کے اطراف و اکناف میں پہنچانے اور علامہ احسان الٰہی ظہیر رح کے مشن کی تکمیل کے لئے مجلے کی سرکولیشن کو بڑھانے میں ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور علمی و تبلیغی ذوق رکھنے والے حضرات کی اس طرف توجہ دلائیں اور ادارے کو ان کے اسماء سے مطلع کریں تاکہ اس مجلے کے ذریعے ان کی علمی تشنگی کا ازالہ کیا جا سکے اور ان کے نام باقاعدہ مجلے کا اجراء کیا جا سکے۔

والسلام

مدیر اعلیٰ